# 29-05-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ دو جون کو منعقد ہونے والی تلنگانہ کی یوم تاسیس تقاریب کیلئے تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔تقاریب کو کامیاب بنانے کیلئے سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ پر مختلف محکموں کی جانب سے بڑے پیمانے پر تیاریاں کی گئی ہیں۔

☆ کاکتیہ کلا تھورانم اور چار مینار کی علامت والے موجودہ سرکاری نشان کی جگہ نئے نشان پر تلنگانہ تحریک اور علحدہ ریاست کیلئے جانیں قربان کرنے والوں کی علامات رہیں گی۔

☆ بی جے پی نے الزام عائد کیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے فون ٹیاپنگ کیس کے ذمہ داروں کے خلاف کسی بھی طرح کی کاروائی نہیں کی ہے۔

☆ محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ میں چھ اور 9 جون کے درمیان مانسون کی آمد کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

دو جون کو منعقد ہونے والی تلنگانہ کی یوم تاسیس تقاریب کیلئے تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔تقاریب کو کامیاب بنانے کیلئے سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ پر مختلف محکموں کی جانب سے بڑے پیمانے پر تیاریاں کی گئی ہیں۔ان تقاریب میں وزیر اعظم ، ریاستی وزراء، عوامی نمائندے اور دیگر شخصیتیں شرکت کریں گی۔صبح میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پریڈ گراؤنڈ پر منعقد ہونے والے مختلف پروگراموں میں حصہ لیں گے اور پھر گن پارک پہنچ کر تلنگانہ کے شہیدوں کو خراج پیش کریں گے۔سرکاری عہدیداروں نے آج یہ بات بتائی۔توقع ہے کہ یوم تاسیس تقاریب میں تقریباً بیس ہزار افراد شرکت کریں گے جس کیلئے عہدیداروں کی جانب سے نشستوں کا انتظام کیا جا رہا ہے۔موسم گرما کی شدت کے پیش نظر احتیاطی اقدامات بھی کئے جا رہے ہیں تاکہ آنے والے کو کسی طرح کی مشکل نہ ہو۔پریڈ گراؤنڈس کے احاطہ میں خصوصی میڈیکل کیمپس لگائے جائیں گے جبکہ پینے کے پانی کے علاوہ بیت الخلاؤں کی سہولت بھی رہے گی۔دو جون کی شام ٹینک بنڈ پر مختلف کلچرل پروگرام منعقد ہوں گے جن میں ایک کارنیول، آتش بازی، لیزر شو اور فوڈ اور گیمنگ اسٹالس بھی شامل ہیں۔کلچرل پروگراموں میں ریونت ریڈی کے علاوہ وزراء اور دیگر شخصیتیں بھی شرکت کریں گی۔کارنیول کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے فنکار مظاہرہ کریں گے۔

☆☆☆☆☆

ہندوستانی محکمہ موسمیات (IMD) نے تلنگانہ میں چھ تا نو جون کے درمیان مانسون کے آنے کی پیش قیاسی کی ہے۔اس سے پہلے ریاست بھر میں یکم جون سے ہلکی تا اوسط بارش بھی ہوسکتی ہے۔آئی ایم ڈی حیدرآباد کے سائنسداں ڈاکٹر شراوانی نے بتایا کہ توقع ہے کہ مانسون 31 مئی اور 2 جون کے دوران کیرالہ سے ٹکرائے گا۔تلنگانہ کے 29 اضلاع میں مختلف مقامات پر آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران بونداباندی کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی قوی امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلگودیشم پارٹی کے قومی صدر و سابق وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو جو آندھرا پردیش میں انتخابات کے بعد امریکہ گئے ہوئے تھے، آج حیدرآباد لوٹ آئے۔راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بیشتر تلگودیشم لیڈرس اور پارٹی کارکنوں نے نائیڈو کا خیر مقدم کیا۔چندرا بابو نائیڈو اور ان کی اہلیہ انتخابات کے بعد وقفہ لینے کیلئے 19 مئی کو یو ایس اے گئے تھے۔ایئرپورٹ سے وہ جوبلی ہلز میں واقع اپنی قیام گاہ کیلئے روانہ ہوگئے۔ذرائع کے مطابق توقع ہے کہ نائیڈو آج شام یا کل صبح امراوتی کیلئے روانہ ہوں گے۔

☆☆☆☆☆

ایس ایس سی ایڈوانسڈ سپلمنٹری امتحانات کا تین تا تیرہ جون انعقاد عمل میں آئے گا۔تمام مضامین کیلئے امتحان کے اوقات ساڑھے نو بجے صبح تا ساڑھے بارہ بجے دن رہیں گے۔زبان اول کیلئے امتحانی وقت ساڑھے نو بجے صبح سے دوپہر بارہ بجکر پچاس منٹ تک رہے گا۔ڈائرکٹر محکمہ امتحانات کے مطابق امتحانات 170 مراکز پر منعقد ہوں گے جہاں تقریباً 1300 انوجیلیٹرس رہیں گے۔امیدواروں کے ہال ٹکٹس متعلقہ اسکولوں کو پہلے ہی روانہ کئے جا چکے ہیں۔

سینئر آئی اے ایس آفیسر پردیپ کمار ترپاٹھی کو آئندہ ماہ کی تیس تاریخ تک کیلئے سکریٹری برائے لوک پال مقرر کیا گیا ہے۔ کابینہ کی تقرراتی کمیٹی نے آئی اے ایس آفیسر راکیش رنجن کو صدر نشین اسٹاف سلیکشن کمیشن کے طور پر مقرر کئے جانے کو بھی منظوری دی ہے۔ اسی طرح 1991 کے بیاچ سے تعلق رکھنے والے آئی اے ایس آفیسر امیت یادو کو محکمہ سماجی انصاف کا اسپیشل ڈیوٹی آفیسر مقرر کیا گیا ہے۔ وہ موجودہ سکریٹری سبھاش گرگ کے اکتیس جولائی کو رخصت ہونے کے بعد عہدہ کا جائزہ لیں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں واقع جوبلی ہلز میں ان کی رہائش گاہ پر ایک میٹنگ منعقد کی تاکہ ریاست کے نئے سرکاری نشان کو قطعیت دی جاسکے۔ مشہور آرٹسٹ رودرا راجیشم، وزیر جوپلی کرشنا راؤ، پروفیسر کودنڈا رام، اے دیاکر، جے اے سی لیڈر رگھو، وزیراعلیٰ کے مشیر نریندر ریڈی، ارکان اسمبلی اور دوسروں نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔ نیا سرکاری نشان، 2014 میں بنائے گئے ایمبلم کی جگہ لے گا جیسا کہ اس وقت 29 ویں ریاست کے طور پر تلنگانہ کا وجود عمل میں آیا تھا۔ نئے سرکاری نشان کو 2 جون کو ریاست کی دسویں یوم تاسیس تقاریب کے موقع پر جاری کیا جائے گا۔ کانگریس نے نیا سرکاری نشان تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس پر کاکتیہ کلاتھورانم اور چار مینار کی تصاویر ہیں۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سرکاری نشان کو بدلنے کا فیصلہ کیا ہے کیوں کہ ان کے خیال میں موجودہ سرکاری نشان ماضی کے حکمرانوں کی ڈکٹیٹرشپ اور مظالم کو ظاہر کرتا ہے۔ ریونت ریڈی اس بات کے خواہاں تھے کہ نئے سرکاری نشان سے تلنگانہ تحریک اور علحدہ ریاست کیلئے جانیں قربان کرنے والوں کو ظاہر کیا جاسکے۔

☆☆☆☆☆

چیف سکریٹری شانتی کماری نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ ایک ایکشن پلان تیار کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ امرآباد ٹائیگر ریزرو، جولائی کے اختتام تک مکمل طور پر پلاسٹک سے پاک علاقہ میں تبدیل ہوجائے۔ شانتی کماری نے محکمہ جنگلات، پنچایت راج اور پولیشن کنٹرول بورڈ کے عہدیداروں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی اور مذکورہ ٹائیگر ریزرو کو پلاسٹک فری زون میں بدلنے کے لئے کئے جارہے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ امرآباد ٹائیگر ریزرو علاقہ میں پلاسٹک بیاگس اور باٹلس وغیرہ کے استعمال پر سختی سے پابندی عائد کی جائے۔ شانتی کماری کے مطابق اس سلسلہ میں زائد چیک پوسٹ قائم کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆

نیشنل ٹیلی مینٹل ہیلتھ پروگرام "ٹیلی مانس ہیلپ لائن" کو اکتوبر 2022 میں شروع کئے جانے کے بعد اب تک دس لاکھ سے زائد کالس موصول ہوئی ہیں جو ایک اہم سنگ میل ہے۔ حکومت ہند کی جانب سے یہ پروگرام شروع کیا گیا تھا تاکہ قومی سطح پر دماغی صحت کی خدمات فراہم کی جاسکے۔ صحت و خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ ٹیلی مانس ہیلپ لائن کے تحت کال کرنے والوں کی تعداد میں قابل لحاظ اضافہ ہوا ہے جیسا کہ ڈسمبر 2022 میں کال کرنے والوں کی تعداد تقریباً 12 ہزار تھی جو مئی 2024 میں بڑھ کر 90 ہزار سے زائد ہوگئی۔

☆☆☆☆☆

گوشہ محل کے ایم ایل اے اور بی جے پی لیڈر ٹی راجہ سنگھ نے آج مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کو ایک خط لکھتے ہوئے انہیں نامعلوم نمبرات سے موت کی دھمکیاں دیئے جانے کی بات کہی ہے۔ راجہ سنگھ نے سابق میں کئی مرتبہ شکایت کرنے کے باوجود متعلقہ حکام کی جانب سے اس سلسلہ میں کوئی کارروائی نہ کرنے پر ناراضگی کا اظہار کیا۔ بی جے پی ایم ایل اے نے امیت شاہ سے یہ درخواست بھی کی کہ ان کا خط تلنگانہ ڈی جی ڈی کو روانہ کیا جائے جس میں اس معاملہ پر توجہ دینے پر زور دینے کیلئے کہا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی نے الزام عائد کیا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے فون ٹیاپنگ کیس کے ذمہ داروں کے خلاف کسی بھی طرح کی کارروائی نہیں کی ہے۔ نئی دہلی میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے راجیہ سبھا کے رکن لکشمن نے کہا کہ فون ٹیاپنگ کے ذریعہ سابق وزیراعلیٰ نے پولیس مشنری کا غلط استعمال کیا۔

ڈیفنس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن(DRDO) کی جانب سے آج اڈیشہ میں واقع ہندوستانی فضائیہ کے پلیٹ فارم سے فضا میں نشانہ لگانے والے میزائل Rudra M - II کا کامیاب تجربہ کیا گیا۔وزارت داخلہ نے کہا کہ اس تجربہ کے ذریعہ تمام نوعیت کے ٹرائیلس کو پورا کیا گیا۔ڈی آر ڈی او کی مختلف لیباریٹریوں کی ٹیکنالوجی کی مدد سے اس میزائل کو تیار کیا گیا ہے۔وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ نے رودرا ایم ٹو کی کامیاب آزمائش پر ڈی آر ڈی او، آئی اے ایف اور متعلقہ صنعت کو مبارک باددی۔

☆☆☆☆☆